پریس ریلیز

گوجرانوالہ 06 جولائی 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ضلعی انتظامیہ کی سربراہی میں محرم الحرام میں شہر میں سکیورٹی کے حوالے سے تقریب منعقد کی گئی جس میں صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس ضیاء الحق، فیاض احمد موہل ڈی سی گوجرانوالہ، رانا ایاز سلیم سی پی او گوجرانوالہ، سہیل فاضل سی ٹی او گوجرانوالہ اور دیگر اداروں کے اعلیٰ عہدیداران کے علاوہ مختلف مکاتبہ فکر کے ساتھ ساتھ سول سوسائٹیز کے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر سی پی او گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم اور علماء اکرام نے مشترکہ طور پر بیان دیتے ہوئے کہا کہ تمام تر معاشرتی برائیوں اور موجودہ بحرانوں کا حل یہی ہے کہ اسلامی تعلیمات پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے۔ کیونکہ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے اور اس میں تمام مسائل کا حل موجود ہے۔ محرم الحرام کی آمد ہے تمام سکیورٹی ادارے شہر میں سکیورٹی کے حوالے سے مکمل ہم آہنگ کے ساتھ امن وامان کی فضاء کو بحال رکھنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے انہوں نے کہا کہ مجھے قوی امید ہے کہ اس میں ہر شہری اداروں کے ساتھ ہر ممکن تعاون کو یقینی بنائے گا۔

انہوں نے تمام مکاتب فکر کے افراد سے اپیل کی وہ محرم الحرام انتہائی عقدت اور احترام کے ساتھ منائیں کسی قسم کی شرانگیزی کو ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ اگر کسی جگہ کوئی مسئلہ درپیش ہو انتظامیہ کے علم میں لائیں تا کہ خوش اسلوبی سے معاملات طے ہوسکیں۔ اس موقع پر میں صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ فیصل ایوب نے پیغام دیتے ہوئے کہا کہ میں انتظامیہ کا بے حد مشکور ہوں کہ انہوں نے محرم الحرام کی آمد کے پیش نظر شہر میں امن وامان کے حوالے سے ہر مکتبہ فکر کے افراد کو ایک جگہ اکٹھا کیا۔ اس وقت تمام غیر مسلم قوتیں پوری دنیا میں مسلمانوں کے ساتھ جو سلوک کر رہے ہیں وہ ہم سب کے سامنے ہے۔ ہمیں فرقہ واریت سے نکل کر آگے بڑھنا ہوگا تمام مسلمانوں کا اتحاد اور ایک پیج پر ہونا وقت کی اشد ضرورت ہے۔ جب تک ہم اکٹھے نہیں ہونگے اغیار ہمیشہ اس کا فائدہ اٹھاتے رہیں گے۔